ﷺ

رابطۃ المدارس الاسلامیہ پاکستان

کے تحت کے آن لائن داخلوں کا طریقہ کار اور ضروری ہدایات

رابطۃ المدارس الاسلامیہ پاکستان کے تحت منعقدہ سالانہ امتحانات رجب 1448ھ بمطابق جنوری 2027ء سے داخلے صرف آن لائن ہوں گے۔ کسی بھی درجے کا داخلہ فارم سابقہ طرز پر قابل قبول نہیں ہوگا، ان شاء اللہ۔

آن لائن داخلہ کا شیڈول:

ہر ادارے پر لازم ہے کہ ہر امتحان کے مقررہ تاریخوں کے بعد داخلہ کسی بھی صورت قبول نہیں کیا جائے گا۔

1448 / 2027 کے داخلوں کی تاریخ:

☆ سنگل فیس کے ساتھ: 20 ستمبر 2026ء ☆ ڈبل فیس کے ساتھ: 05 اکتوبر 2026ء ☆ تین گنا فیس کے ساتھ: 15 اکتوبر 2026ء

فیس کی تفصیل:

نام کلاس	سنگل فیس	ڈبل فیس	تین گنا فیس
عالمیہ اول، عالمیہ دوم، عالیہ اول، عالیہ دوم	1000	2000	3000
حفظ، تجوید، علوم دینیہ، متوسطہ، عامہ، خاصہ اول خاصہ دوم	900	1800	2700

ڈیٹا انٹری اور اس کی درستگی:

☆ ۔طالب علم خود آن لائن داخلہ نہیں کر سکتا بلکہ رابطۃ المدارس الاسلامیہ پاکستان کے ساتھ منسلک ہر ادارے کی طرف سے نامزد فرد داخلہ کے تمام فرائض سرانجام دے گا۔ (ہر ادارے کا ''لاگ اِن'' الگ الگ ہوگا)

☆ ۔صرف ان طلبہ وطالبات کا داخلہ کریں جو آپ کے ادارے میں ریگولر طالب علم ہوں۔ پرائیویٹ یا کسی دوسرے ادارے کے طلبہ وطالبات کا داخلہ اپنے ادارے کے ''لاگ اِن'' سے ہرگز نہ کریں، غیر قانونی داخلہ کرنے والے ''فرد'' اور ادارے کے خلاف رابطۃ المدارس کے قواعد وضوابط کے مطابق سخت تادیبی کارروائی کی جائے گی۔

☆ ۔ادارے کی طرف سے نامزد فرد ڈیٹا کی درستگی کو یقینی بنائے کسی بھی قسم کی غلط معلومات کے اندراج کے لیے جوابدہ ہوگا۔

مدارس لاگ ان:

رابطۃ المدارس کی طرف سے جاری کردہ لنک پر ''مدارس لاگ ان'' کریں۔ اس پر کلک کرنے سے آن لائن داخلہ کے لیے مدارس لاگ ان کا صفحہ کھلے گا۔

نوٹ: جن مدارس/سکولز نے ابھی تک ڈیٹا انٹری والے کا موبائل نمبر، ای میل ابھی تک نہیں بھیجی ہیں وہ جلد از جلد مطلوبہ کوائف (ادارے کا نام، الحاق نمبر، موبائل نمبر اور ای میل) ان نمبروں پر واٹس ایپ کریں۔ 03484792206، 03076803534، اس کے بعد ان کو یوزرنیم (Username) اور پاسورڈ (Password) جاری ہوگا۔

خفیہ کوڈ:

ہر مدرسہ، جامعہ اور سکول کی طرف سے موصول شدہ ای میل (Username) اور موبائل نمبر خفیہ کوڈ (Password) ہوگا۔ یوزرنیم اور پاسورڈ کے بعد او ٹی پی (OTP) ای میل اور موبائل نمبر پر موصول ہوگا، جس کے اندراج کے بعد ''لاگ ان'' ممکن ہوگا۔

آن لائن داخلہ کے مطلوبہ کوائف:

☆۔ داخلہ کے لیے ہر طالب علم کا ''شناختی کارڈ یا ب فارم'' لازمی ہے۔اس کے بغیر داخلہ ہرگز نہیں ہوگا۔

☆۔ طلبہ کے لیے پاسپورٹ سائز تصویر لازمی ہے اور طالبات کے لیے اختیاری ہے۔

☆۔ غیر ملکی طلبہ وطالبات کے لیے پاسپورٹ ہونا لازمی ہے۔اور افغان طلبہ وطالبات کا سیٹزن کارڈ بھی قابل قبول ہوگا۔

☆۔''موجودہ طالب'' رابطۃ المدارس کے کسی بھی امتحان میں شریک طلبہ وطالبات کے لیے اس کا رقم التسجیل (رجسٹریشن نمبر) کا ہونا لازمی ہے۔ان کا داخلہ موجودہ طالب علم کے حساب سے کریں۔

آن لائن داخلے کے مراحل:

لاگ ان کے بعد ''آن لائن داخلہ'' پر کلک کریں۔

داخلہ کے دو آپشن آئیں گے:

☆۔ موجودہ طالب علم (رقم التسجیل کے ذریعے داخلہ)　　☆۔ نیا طالب علم

داخلہ بذریعہ رقم التسجیل (موجودہ طالب علم):

☆۔ جن طلبہ وطالبات کو رابطۃ المدارس کی طرف سے رقم التسجیل جاری ہوچکی ہے، ان کا داخلہ رقم التسجیل کے ذریعے ہوگا۔

☆۔ رقم التسجیل درج کرکے ''تلاش کریں'' پر جائیں، پھر ''امتحان کے لیے درخواست'' پر کلک کریں، امتحانی فارم سامنے آجائے گا۔

☆۔نام، ولدیت اور رقم التسجیل میں تبدیلی نہیں ہوگی۔نام یا ولدیت میں اگر تبدیلی کرنی ہو تو داخلہ فارم کے ساتھ اس طالب کا شناختی کارڈ/ب فارم کی کاپی اور مطلوبہ تبدیلی کے حوالے سے درخواست لف کریں۔

☆۔ فارم میں شناختی کارڈ یا ب فارم نمبر درج کریں اور صنف (مرد/عورت) کا انتخاب کریں۔

☆۔ اپنی تصویر اور شناختی کارڈ یا ب فارم کی تصویر اپ لوڈ کریں۔(موبائل سے انٹری کرتے ہوئے مطلوبہ کوائف کیمرے کے ذریعے سے بھی کرسکیں گے)

☆۔ مکمل پتہ اور رہائشی ضلع درج کریں۔(مکمل پتہ اور رہائشی ضلع میں طالب علم کا مستقل پتہ تحریر کریں۔ادارے کا پتہ ہرگز نہ لکھیں)

☆۔ داخلہ لینے والی کلاس منتخب کریں۔

☆۔ تمام مطلوبہ کوائف کی جانچ پڑتال کے بعد ''محفوظ کریں'' پر کلک کریں۔

☆۔ داخلہ مکمل ہونے کے بعد اگلے طالب علم کے لیے بھی اسی طرح اپلائی کریں۔

داخلہ بغیر رقم التسجیل / نیا طالب علم (نئے طالب علم کے داخلے کا طریقہ کار):

☆۔ وہ طلبہ وطالبات جو پہلی مرتبہ رابطۃ المدارس کے تحت امتحان میں شریک ہورہے ہیں، ان کا داخلہ ''نیا طالب علم'' کے تحت ہوگا۔

☆۔ آن لائن داخلہ میں ''نئے طالب علم'' پر کلک کریں، داخلہ فارم کھلے گا۔

☆۔ فارم میں نام، ولدیت، صنف (مرد/عورت)، تاریخ پیدائش، شناختی کارڈ/ب فارم نمبر، مکمل پتہ اور رہائشی ضلع درج کریں۔

☆۔ پروفائل تصویر، شناختی کارڈ یا ب فارم کی تصویر اپ لوڈ کریں۔(موبائل سے انٹری کرتے ہوئے مطلوبہ کوائف کیمرے کے ذریعے سے بھی کرسکیں گے)

☆۔ مکمل پتہ اور رہائشی ضلع درج کریں۔(نوٹ مکمل پتہ اور رہائشی ضلع میں طالب علم کا مستقل پتہ تحریر کریں۔ادارے کا پتہ ہرگز نہ لکھیں)

☆۔ ایچ ای سی کے جاری کردہ عمر کی حد کے مطابق کلاس سامنے آئے گی منتخب کریں۔

☆۔ اگر کسی نے بالائی درجہ میں داخلہ کے لیے اپلائی کیا ہے تو تمام تحتانی اسناد اپلوڈ کرنا لازمی ہے، ورنہ داخلہ کینسل ہوسکتا ہے۔

☆۔ تمام معلومات کی جانچ پڑتال کے بعد ''محفوظ کریں'' پر کلک کریں۔

☆۔ داخلہ مکمل ہونے کے بعد اگلے طالب علم کے لیے اپلائی کریں۔

نوٹ: نئے طالب علم اور موجودہ طالب علم کے لیے شناختی کارڈ یا ب فارم، پاسپورٹ سائز تصویر (طلبہ کے لیے) لازمی ہیں ان کے بغیر داخلہ نہیں ہوگا۔

داخلوں کی تفصیلی لسٹ:

جتنے بھی داخلے انٹری ہوتے رہیں گے ان کی لسٹ تفصیلا موجود ہوگی۔ اس لسٹ میں موجود طلبہ وطالبات کے کوائف میں جزوی تبدیلی ممکن ہوگی۔ اور کیفیت میں ''زیر التواء'' لکھا ہوگا۔ دفتر رابطۃ المدارس کی طرف سے کوائف کی چیکنگ کے بعد جن داخلوں کی منظوری ہوگی ان میں ''منظور شدہ'' آئے گا۔ اور جن داخلوں کی منظوری کسی کمی کی وجہ سے رہ جائے ان کا ''آبجیکشن'' زیر التواء کی جگہ پر آجائے گا۔

نوٹ: دفتر رابطۃ المدارس کی طرف سے منظوری کے بعد کسی بھی قسم کی تبدیلی ممکن نہیں ہوگی۔ لہذا داخلہ کرنے والے فرد پر لازم ہے کہ وہ ڈیٹا کی انٹری (نام، ولدیت، شناختی کارڈ نمبر، کلاس، وغیرہ) کی درست اندارج یقینی بنائے۔ غلط اندارج کی ذمہ داری ڈیٹا انٹری کرنے والے پر ہوگی۔

دفتر رابطۃ المدارس ارسال کیے جانے والے کوائف:

جب داخلے مکمل ہوجائیں گے تو داخلوں کی تفصیلی لسٹ پی ڈی ایف کی صورت میں تیار ہوجائے گی۔ لسٹ کی پرنٹ آوٹ نکال کر ادارے کی تصدیق اور مہر کے بعد فیس کی رسید کے ساتھ دفتر رابطۃ المدارس الاسلامیہ پاکستان، منصورہ، ملتان روڈ، لاہور ارسال کریں۔

نوٹ: ☆۔ جن پی ڈی ایف کو اچھی طرح چیک کریں کہ اور کسی بھی کمی بیشی اور انٹری میں غلطی کی صورت میں درستگی یقینی بنائیں۔

☆۔ فیس رابطۃ المدارس کے اکاؤنٹ میں جمع کریں (موبائل ایپ سے بھی فیس جمع کی جاسکتی ہے)۔ فیس کی رسید لازمی ارسال کریں۔

رابطہ نمبر (درستگی مسائل اور ان کا حل):

کسی بھی قسم کے مسائل کی صورت میں آن لائن کمپلینٹ درج کرسکیں گے اور درج ذیل نمبروں پر بذریعہ واٹس ایپ رابطہ بھی کرسکتے ہیں۔

03484792206, 03449706630, 03403029242,

رول نمبر سلپ کا اجراء:

تین گنا فیس کے ساتھ داخلہ ختم ہونے کے 20 سے 25 دن بعد رول نمبر سلپ رابطۃ المدارس کے ویب سائٹ پر اپلوڈ ہونگے، لاگ ان ہو کر ادارے کی ذمہ دار ہی رول نمبر سلپ پرنٹ کرسکے گا۔

اغلاط کی درستگی:

رول نمبر سلپ اپلوڈ ہونے کے 15 دن تک ہر ادارے کے لیے لازم ہے کہ وہ اپنے ادارے کے طلبہ وطالبات کے کوائف کو اچھی طرح چیک کریں۔ رول نمبرز کی بیشی اور نام، ولدیت، تاریخ پیدائش، ضلع وغیرہ کی غلطی کی صورت دفتر رابطۃ المدارس سے درستگی کروائیں۔

نوٹ: رابطۃ المدارس کے ہر قسم کے سرگرمیوں سے باخبر رہنے کے لیے رابطۃ المدارس کے فیس بک پیج کو لازمی لائک اور فالو کریں، ویب سائٹ کا وزٹ کرتے رہیں اور رابطۃ المدارس کے واٹس ایپ گروپ میں اپنی شمولیت یقینی بنائیں۔ شکریہ

عبدالمالک شیرپاؤ

ناظم دفتر رابطۃ المدارس الاسلامیہ پاکستان

0307-7185505